© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

گزشتہ مہینوں میں درج ذیل حضرات کے اعزہ انتقال فرما گئے ہیں۔

- محترم حکیم محمود احمد ظفر صاحب مدظلہ (سیالکوٹ) کی چچی مرحومہ
- محترم افضل حق قرشی صاحب (لاہور) کے والد ماجد

ادارہ نقیب ختم نبوت کے تمام ارکان، مرحومین کے لیے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔ پسماندگان کے غم میں شریک ہیں اور ان کے لیے صبر کی دعا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے (آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کی مغفرت کے لیے دعا اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## اشاعتِ خاص

### بیادِ امیرِ احرار، سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ

ماہنامہ نقیبِ ختم نبوت ملتان اپنے بانی مدیر اور مجلس احرار اسلام کے امیر حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی عظیم شخصیت پر عنقریب ایک یادگار تاریخی نمبر شائع کر رہا ہے۔ مجلس احرار اسلام سے وابستہ کارکنوں، حضرت شاہ جی کے ذاتی دوستوں اور ان کی شخصیت سے متأثر ہونے والے احباب سے گزارش ہے کہ وہ اپنے تأثرات اپنی یادیں اور ملاقاتیں جلد قلم بند کر کے ادارہ کو ارسال فرمائیں۔

جن احباب کے پاس حضرت شاہ کی کوئی تحریر، آٹوگراف یا آڈیو کیسٹ موجود ہیں تو اس کی نقل عطا فرمائیں۔ تاکہ اس عظیم نمبر میں اسے شامل کیا جاسکے۔ ان شاء اللہ یہ نمبر صوری اور معنوی اعتبار سے تاریخی حیثیت کا حامل ہوگا۔

بقیہ از صفحہ ۵

تمام جج صاحبان کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ پاکستانی عوام کی خواہشات کی صحیح اور مکمل ترجمانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت اور سود کے لعنتی کفریہ نظاموں نے پاکستان کی سیاست اور معیشت کو تباہ و برباد کر دیا ہے۔ حکمران اگر ملک سے مخلص ہیں تو عدالت عظمیٰ کے اس تاریخی فیصلے کو بنیاد بنا کر ملک سے سودی نظام کے خاتمہ اور مکمل اسلامی نظام کے نفاذ کا اعلان کریں اور قیام پاکستان کے مقاصد کی تکمیل کریں۔

© rasailojaraid.com